© rasailojaraid.com



استعمال ہوں (۲) جب اُن سے کوئی دوسرا حرف ملے۔ بقیہ حروف کی شکلیں چار ہوتی ہیں، کسی حرف سے ملیں، جب اُن سے کوئی دوسرا حرف ملے، کسی لفظ کے آخر میں ہوں کسی لفظ کے بیچ میں ہوں، مفرد استعمال ہوں۔ ان کے علاوہ کچھ مرکب ٹکڑے سہولت کے لیے رکھ لیے جاتے ہیں۔ ان سب کی تعداد کل ۱۰۸ ہے۔ اب دیکھیے دونوں ٹائپوں میں کتنا فرق ہے۔

غرض اب یہ بات ثابت ہوگئی کہ (۱) نقوش اور آوازوں کی مطابقت (۲) تعلیم کی سہولت اور آسانی (۳) طباعت کی سہولت اور آسانی۔ ان تینوں وجوہ واسباب کی بنا پر اردو رسم الخط ہی اس قابل ولائق ہے کہ اُس کو ہندوستانی کا رسم الخط بنایا جائے۔


# پیامِ نسواں

## ہندوستانی خواتین کا ایک ترقی پسند ماہوار رسالہ

جس میں ہندوستان کی مشہور خواتین اور ادیبوں کے اعلیٰ علمی و ادبی مقالے اخلاقی و معاشرتی افسانے، مزاحیہ مضامین، روح نواز نظمیں، نجوم و قیافہ کی دلچسپیاں۔ طبی معلومات، اور کشیدہ کاری کے خوبصورت نمونے اور گھرستی زندگی کے مسائل پر اہم بحثیں شائع ہوتی ہیں

"پیام نسواں" رابعہ بیگم نگار، اور شمیم آرا بیگم نجمہ کی ادارت میں ہر ماہ کی ۵ تاریخ کو پابندی کے ساتھ شائع ہوتا ہے، کتابت خوبصورت، طباعت دلفریب کاغذ سفید چکنا۔ سالانہ چندہ ۶؎، نمونہ مفت

منیجر پیامِ نسواں۔ حلقۂ اشاعت لکھنؤ


© rasailojaraid.com